4314

PUNJAB
UNIVERSITY
LIBRARY
LAHORE

CLASS NO.............................

BOOK NO.............................

S-369 --Punjab University Press 10,000 29-1-2003

# یارسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

يا الله — يا رسول الله

# نقشِ پا رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم



**ارشاد**

جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتے ہیں، اس کی دس خطائیں معاف کر دیتے ہیں اور اس کے دس درجات بلند کرتے ہیں۔ صحیح بخاری شریف

**برکات**

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# حمد باری تعالیٰ

الحمد للمتوحد
بجلالہ المتفرد
وصلوتہ دوما علی
خیر الانام محمد

— حضرت رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

اس خدائے یکتا کی حمد و ثنا
جو اپنے جلال میں یکتا و یگانہ ہے
تمام مخلوق میں سب سے اعلیٰ انسان محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
پر خدا کی رحمت ہمیشہ ہمیش نازل ہوتی رہے۔

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ہو

87630

# نعت

## حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی
سب سے بالا و والا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبی
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

بزمِ آخر کا شمع فروزاں ہوا
نورِ اول کا جلوہ ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

جسکو شایاں ہے عرشِ خدا پر جلوس
ہے وہ سلطان والا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لیکر آیا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

عرش و کرسی کی تھیں آئینہ بندیاں
سوئے حق جب سدھارا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

خلق سے اولیا۔ اولیا سے رسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیئے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

ملک کونین میں انبیا۔ تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

لامکاں تک اجالا ہے جس کا وہ ہے
ہر مکاں کا اُجالا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

سارے اچھوں میں اچھا سمجھئے جسے
ہے اس اچھے سے اچھا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

سارے اونچوں میں اونچا سمجھئے جسے
ہے اس اونچے سے اونچا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

غمزدوں کو رضاؔ مژدہ دیجئے کہ ہے
بیکسوں کا سہارا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلَّمْ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ہو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# منقبت حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا
اُونچے اُونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا
اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

کیا دبے جس پہ حمایت کا ہو پنجہ تیرا
شیر کو خطرے میں لاتا نہیں کُتا تیرا

تو حسینی حسنی کیوں نہ محی الدیں ہو
اے خضر مجمعِ بحرین ہے چشمہ تیرا

مصطفٰے کے تنِ بے سایہ کا سایہ دیکھا
جس نے دیکھا مری جاں جلوۂ زیبا تیرا

ابنِ زہرا کو مبارک ہو عروسِ قدرت
قادری پائیں تصدق مرے دولہا تیرا

کیوں نہ قاسم ہو کہ تو ابنِ ابی القاسم ہے
کیوں نہ قادر ہو کہ مختار ہے بابا تیرا

بحر و بر، شہر و قری سہل و حزن دشت و چمن
کون سے چک پہ پہنچتا نہیں دعویٰ تیرا

تجھ سے در، در سے سگ اور سگ سے ہے مجھ کو نسبت
میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا

اس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے
حشر تک میرے گلے میں رہے پٹا تیرا

میری قسمت کی قسم کھائیں سگانِ بغداد
ہند میں بھی ہوں تو دیتا رہوں پہرا تیرا

اے رضا یوں نہ بلک تو نہیں جید تو نہ ہو
سید جید ہر دہر ہے مولا تیرا

فخر آقا میں رضا اور بھی اک نظم رفیع
چل لکھا لائیں ثنا خوانوں میں چہرا تیرا

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# دعا

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کُشا کا ساتھ ہو

یاالٰہی بھُول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیِ دیدارِ حُسنِ مصطفٰے ﷺ کا ساتھ ہو

یاالٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُن کے پیارے مُنہ کی صبحِ جاں فزا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب پڑے محشر میں شورِ دار و گیر
امن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جُود و عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشیدِ حشر
سیّدِ بے سایہ کے ظلِّ لِوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبُوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی نامۂ اعمال جب کھُلنے لگیں
عیب پوشِ خلق، ستّارِ خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حسابِ جرم میں
اُن تبسّم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب حسابِ خندۂ بے جا رُلائے
چشمِ گریانِ شفیعِ مُرتجٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی رنگ لائیں جب مِری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب چلوں تاریک راہِ پُلِ صراط
آفتابِ ہاشمی، نُورُ الہدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
رَبِّ سلِّم کہنے والے غم زدا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جو دُعائے نیک میں تجھ سے کروں
قدسیوں کے لب سے آمیں رَبَّنا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب رضاؔ خوابِ گراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفٰے ﷺ کا ساتھ ہو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

## ضروری ہدایت

اسمارِ باری تعالیٰ جلّ جلالہٗ، اسمارِ النّبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم، اسمارِ غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان تمام اسمارِ مقدّسہ سے اگر کوئی شخص کسی اسمِ مُبارک کا وظیفہ کرنا چاہے تو اِسمِ مبارک کیساتھ حرفِ ندا ''یا'' کا اضافہ کرے، جیسے اگر اسمِ مبارک اللہ کا وظیفہ کرنا ہے تو یا اللہ جلّ جلالہٗ پڑھے اِسمِ مبارک مُحمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا وظیفہ کرنا ہے تو یا مُحمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پڑھے اسمِ مُبارک عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وظیفہ کرنا ہے، تو یاعبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پڑھے ایسے ہی تمام اسمارِ مُبارکہ پڑھے جائیں اور وظیفہ کے اوّل، آخر کم ازکم گیارہ مرتبہ درُود شریف پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# اَللّٰہُ جل جلالہ

اسم جلالت

جو شخص نماز جمعہ سے قبل طہارت و صفائی اور سکون قلب کے ساتھ ایک سو مرتبہ ان اسماء کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے تمام امور آسان فرما دے گا۔

# مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم

تعریف والا

ساری مخلوق سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رب کائنات کی بہت حمد فرمائی پھر اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس قدر تعریف فرمائی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہہ کر تعریف فرمائی اسی بنا پر آپ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۹۲ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام مشکلیں آسان ہوتی ہیں

# عبدالقادر رضی اللہ عنہ

قادر کا بندہ (آپکا ذاتی نام ہے)

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ قصیدہ غوثیہ میں فرماتے ہیں: "اور عبدالقادر میرا مشہور نام ہے اور میرے جد محترم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کمالات کے چشموں کے مالک ہیں"۔ آپ کے والدین نے بچپن میں آپ کا نام عبدالقادر ہی رکھا تھا۔
یہ اسم مبارک حصول عزت و مرتبے کے لیے روزانہ ۷۰ مرتبہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بہت رحم کرنے والا

جو شخص اس اسمِ مُبارک کو سَو مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے تو تمام آفاتِ دُنیاوی سے محفوظ رہے گا۔ اور تمام مخلوق اس پر مہربان ہوگی۔

# احمد صلی اللہ علیہ وسلم

سب سے زیادہ حمد کرنیوالا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اسمِ مُبارک آپ کی ولادت باسعادت سے پہلے ہی رکھا گیا۔ چنانچہ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا میں بشارت دیتا ہوں کہ میرے بعد ایک شان والا رسُول آئے گا۔ اُس کا نام احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوگا۔ ( القرآن )

اسمِ احمد صلی اللہ علیہ وسلم (۵۳) مرتبہ روزانہ پڑھنے سے لوگوں میں عزّت و مرتبہ ملیگا۔

# سیّد رضی اللہ عنہ

سردار

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو آپ کے ہمعصر اور بعد میں آنے والے تمام علماء و مشائخ نے اپنا سردار تسلیم کیا۔ اس لیے آپ کا نام سیّد رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُول ترقّی عہدہ و سیادت کے لیے (۴۷) مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلرَّحِیْمُ جل جلالہ

بہت مہربان

جو شخص اس اسم مُبارک کو یومیہ ہر نماز کے بعد سَو بار پڑھے گا اس کے دل میں رقّت و شفقت پیدا ہوگی۔ پلیٹ میں لکھ کر دھو کر پانی کسی جڑ میں ڈالیں تو پھل زیادہ آئے گا۔

# حَامِدُ صلی اللہ علیہ وسلم

تعریف کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ محترمہ سیّدہ آمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے خواب دیکھا کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ اے آمنہ تیرے شکم میں ساری مخلوق سے بہتر اور سب کے سردار جلوہ افروز ہیں ان کا نام محمّد صلی اللہ علیہ وسلم رکھنا کیوں کہ تورات میں ان کا نام حامد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ (الریاض الانیقہ ص ۱۲۹)

اسم حامد صلی اللہ علیہ وسلم ۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام عزیز و اقارب میں تعریف ہوگی

# مُؤَیِّدُ رضی اللہ عنہ

مددگار

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ سے جب بھی اور جس وقت بھی آپ کے کسی عقیدت مند نے مدد طلب کی تو آپ نے بعطائے الٰہی اسکی مدد فرمائی اس لیے کا نام مؤید رضی اللہ عنہ ہے

یہ اسم مُبارک حصولِ مُراد کے لیے ۵۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْمَلِکُ جل جلالہ

بادشاہ

جو شخص بعد نماز فجر اس اسم مبارک کو سو مرتبہ ہمیشہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُسے غنی کر دے گا اور اُس کے جاہ و مرتبہ میں زیادتی فرمائے گا۔

# مَحْمُوْدٌ صلی اللہ علیہ وسلم

تعریف کیا ہُوا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ صفاتی نام ہے۔ حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ آپ کا یہ نام زبور میں بھی ہے نیز حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ کا نام مُبارک آسمانوں میں محمُود صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم محمُود صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا تمام احباب میں معزز ہو گا۔

# کَرِیْمٌ رضی اللہ عنہ

سخی

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے پاس جس قدر بھی نذرانے یا مال آتا آپ غریبوں میں تقسیم فرما دیتے اور آپ کا لنگر بے نواؤں کے لیے ہر وقت کھلا رہتا اس لیے آپ کا اسم گرامی کریم رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُولِ حلال مال و دولت کیلئے ۲۷۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

Marfat.com

هوالله الذی لا اله الا هو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# القدوس جل جلالہ

پاک

جو شخص زوال کے وقت اس اسم مبارک کو ہمیشہ پڑھے اس کا دل امراض روحانیہ سے پاک ہوگا یعنی حسد، کینہ، حرص، خود غرضی وغیرہ سے۔

# قاسم صلی اللہ علیہ وسلم

تقسیم کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا اللہ تعالیٰ مجھے عطا فرماتا ہے اور میں تقسیم کرنے والا (قاسم صلی اللہ علیہ وسلم) ہوں۔ (بخاری شریف)

اسم قاسم صلی اللہ علیہ وسلم ۲۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں بہت برکت ہوگی۔

# عظیم رضی اللہ عنہ

بڑے مرتبے والا

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو ولایت کے بڑے مرتبے سے نوازا اس لیے آپ کا نام عظیم رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول جاہ و مرتبہ کے لیے ۱۳۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سلامت رکھنے والا

جو شخص اس اسم مُبارک کو مریض کے سر پہ ہاتھ رکھ کر ایک سو تیس بار باآوازِ بلند پڑھے تو مریض کو شفا حاصل ہو گی۔

# عَاقِبُ صلی اللہ علیہ وسلم

پیچھے آنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا میرا نام عاقبؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے اور عاقبؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) وُہ ہے جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔ (بخاری مسلم مشکوٰۃ)

اسم عاقب صلی اللہ علیہ وسلم ۱۷۸ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کاروبار میں برکت ہو گی۔

# شَرِیْفُ رضی اللہ عنہ

بزرگ

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ عادات واطوار اور حسب نسب کے لحاظ سے بہت بزرگ اور انتہائی شرافت کے مالک تھے اسی لیے آپ کا نام شریفؓ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ شرافت اور پاکیزگی قلب کے لیے ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هو الله الذي لا اله الا هو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول الله

## الْمُؤْمِنُ جل جلالہ

امن دینے والا

جو شخص خوف کے وقت اس اسم شریف کو چھ سو تیس ۶۳۰ بار پڑھے گا ہر قسم کے خوف سے محفوظ رہے گا۔ اسکے مال وجان کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچے گا۔

## فَاتِحٌ صلی اللہ علیہ وسلم

کھولنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ایک جگہ پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے فاتح بنا کر بھیجا ہے۔ اور میں خاتم ہوں اور مجھے جامع فاتح کلمے دیے گئے ہیں (مشکوٰۃ) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام فاتح صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم فاتح صلی اللہ علیہ وسلم ۴۸۹ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے مال و دولت میں کشادگی ہوگی

## ظَرِیْفٌ رضی اللہ عنہ

خوش طبع

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی خوش طبعی اور حسن سلوک کا یہ عالم تھا کہ اپنے تو اپنے غیر مسلم بھی آپ کے گرویدہ ہو جاتے تھے اور مسلمان ہو جاتے اس بنا پر آپ کا نام ظریف رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول سکون قلب کے لیے ۱۱۱ مرتبہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول الله

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً لله

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا هو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

## اَلْمُهَيْمِنُ جل جلالہ

نگہبان

جو شخص غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کرے اور خلوت میں خلوص قلب سے اس اسم مُبارک کو سَو بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے ظاہر و باطن کو صاف فرمائے گا اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہونے لگیں گے۔

## شَاهِدُ صلی اللہ علیہ وسلم

مشاہدہ کرنے والا

قرآن پاک سُورۃ احزاب میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے آپ کو شاہد اور مبشّر اور نذیر بنا کر بھیجا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک شاہدؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم شاہد صلی اللہ علیہ وسلم ۳۱۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا لوگوں میں محبوب ہو گا۔

## اِمَامُ رضی اللہ عنہ

پیشوا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو آپ کے وقت کے تمام عوام و خواص نے اپنا پیشوا اور راہنما تسلیم کیا اس لیے آپ کا نام امامُ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُول دُنیاوی سیادت و قیادت کے لیے ۸۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

# اَلْعَزِیْزُ جل جلالہ

غالب

جو شخص چالیس روز تک یومیہ چالیس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اسے دُنیا میں معزز و محترم کرے گا حتّٰی کہ وُہ کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

# حَاشِرُ صلی اللہ علیہ وسلم

جمع کرنے والا

قیامت کے دن سب لوگوں سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبرِ انور سے اُٹھ کر میدانِ حشر میں تشریف لائیں گے۔ پھر بعد میں تمام لوگ اپنی اپنی قبروں سے نکل کر میدانِ حشر میں جمع ہوں گے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک حاشر صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ حاشر صلی اللہ علیہ وسلم ۵۰۹ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر میدان میں فتح حاصل ہوگی۔

# مُؤْمِنُ رضی اللہ عنہ

ایمان لانے والا

ایمان نام ہے اللہ و رسُول کو ماننے اور ان سے محبّت کرنے کا تو حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ اُٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے اپنی ہر حرکت اور ہر سکون میں اللہ و رسُول کی رضا اور خوشنودی کو ملحوظ رکھتے تھے اس لیے آپکا نام مُؤمن رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ امن و دفعِ بلیّات سماوی اور قبر و حشر کے لیے ۱۳۶ مرتبہ پڑھا جائے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰهِ

Marfat.com

هو الله الذی لا اله الا هو

# اَلْجَبَّارُ جل جلالہ

سب سے زبردست

جو شخص ہمیشہ صبح و شام دو سو چھبیس ۲۲۶ بار اس اسمِ مُبارک کو پڑھیگا ان شاءاللہ ظالموں کے ظُلم و قہر سے محفوظ رہے گا۔

# ماحِ صلی اللہ علیہ وسلم

مٹانے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا کہ میرا نام ماحی ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کُفر مٹاتا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک ماحِ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ ماحِ صلی اللہ علیہ وسلم ۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام بُرے کام چھُوٹ جاتے ہیں۔

# مُهَيمِنُ رضی اللہ عنہ

محافظ

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے دینِ اسلام کی اس طرح حفاظت فرمائی کہ آپکے زمانہ میں جبریہ قدریہ وغیرہ بڑے بڑے فتنوں نے سر اُٹھائے لیکن آپنے اپنے علم و عمل سے ان کا قلع قمع کر دیا۔ اس لیے آپ کا نام مُہیمِنُ رضی اللہ عنہ ہے

یہ اسمِ مُبارک حصولِ حفاظتِ مال و اولاد کے لیے ۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُواللہ الذی لا الٰہ الا ھو

# المتکبر جل جلالہ

بڑائی والا

جو شخص بیوی کے پاس جاتے وقت اس اسم مُبارک کو ۱۰ مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے نیک لڑکا عطا فرمائے گا۔ اس اسم مُبارک کی کثرت سے عزّت و جاہ حاصل ہوگی۔

# داعِ صلی اللہ علیہ وسلم

بُلانے والا

قرآن پاک سورۂ احزاب آیت نمبر ۴۶ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف بُلانے والے ہیں اُس کے حکم سے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک داعِ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم داعِ صلی اللہ علیہ وسلم ۷۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے مکہ اور مدینۃ الرسول کی حاضری نصیب ہوگی۔

# سالِک رضی اللہ عنہ

پابندِ شرع بزرگ سلوک کی منزلیں طے کرنے والا

حُضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ اس قدر متبّع شریعت تھے کہ ساری زندگی میں کوئی ایک قول یا فعل شریعت کے خلاف کوئی ثابت نہیں کر سکتا اس لیے آپ کا نام سالِک رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُولِ منزلِ مقصُود کے لیے ۱۱۱ مرتبہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

# اَلْخَالِقُ جل جلالہ

—— پیدا کرنے والا ——

جو شخص نصف شب میں ایک گھنٹہ اس اسمِ مُبارک کا وِرد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا دل نُورِ ایمان سے منوّر فرمائے گا۔

# سِرَاجٌ صلی اللہ علیہ وسلم

—— چراغ ——

قرآن پاک میں ہے وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا (احزاب ۴۶) اور روشنی آفتاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم آسمان ہدایت کے آفتابِ منیر ہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک سراج صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

# صَالِحٌ رضی اللہ عنہ

—— نیک ——

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ بچپن ہی سے شریف الطبع تھے اس لیے آپ ہمیشہ نیکی اور بھلائی کی بات فرماتے اور خود اس پر عمل کرتے اس بنا پر آپ کا نام صالح رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصولِ عزّتِ دُنیا و آخرت کے لیے ۱۲۹ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ القَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلْبَارِیُٔ جَلَّ جَلَالُہٗ

—— عالم کا بنانے والا ——

اگر بانجھ عورت سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو اسے اِن شاءاللہ اولادِ نرینہ نصیب ہو گی۔

# رَشِیْدٌ صلی اللہ علیہ وسلم

—— نیک (جو راہِ راست پر ہو) ——

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیدھے راستے پر ہیں اور دُوسروں کو بھی راہِ راست کی ہدایت دیتے ہیں اس بناء پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک رشیدؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم رشید صلی اللہ علیہ وسلم ۵۰۰ مرتبہ پڑھنے سے پرہیزگاری حاصل ہو گی۔

# مُنْعِمٌ

—— مالدار ——

اللہ تعالیٰ نے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو دینی اور دُنیاوی، ظاہری باطنی ہر طرح کی دولت سے مالامال فرمایا اس بنا پر آپ کا نام مُنعِمؓ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ انعامات کے لیے ۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا حبیب اللہ

## اَلْمُصَوِّرُ جل جلالہ

صُورت بنانیوالا

اگر بے اولاد عورت اس اسمِ مُبارک پر یوں عمل کرے کہ سات روزے رکھے افطار کے وقت ان تینوں اسماء یا خَالِقُ یا بَارِیُ، یا مصوّرُ اکیس۲۱ مرتبہ پڑھ کر ایک پانی کے گلاس پر دَم کر کے روزہ افطار کرے تو ان شآ اللّٰہ اسے اولاد حاصل ہو گی۔

## مُنِیْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

نُور والا

قرآن پاک سُورہ احزاب آیت ۴۶ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم آسمانِ ہدایت کے آفتابِ منیر ہیں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک مُنیرٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔
اسم مُنیر صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا دل منوّر ہو گا۔

## مُکَرَّمٌ رضی اللہ عنہ

عزّت دیئے ہوئے

اللّٰہ تعالیٰ نے آپ کو اولیائے کرام میں وہ عزّت عطا فرمائی ہے کہ ہر ولی آپکی تعظیم و تکریم کرتا ہے جب تک آپکے قدم کی مُہر انکی گردن پر نہ لگے تب تک درجہ ولایت حاصل نہیں کر پاتے۔ ؎ تیری عزّت تیری نعمت تیرا فضل بفضلہٖ فضل و فاضل ہے یا غوث

اس بنا پر آپکا نام "مکرّم" رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُول طہارت باطنی کے لیے ۱۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یاشیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِی لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْغَفَّارُ جل جلالہ

بہت بڑا بخشنے والا

جو شخص نمازِ جمعہ کے بعد اس اسمِ مبارک کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے تو ان شاءاللہ اسکی مغفرت کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے اور ہر تنگی رفع ہو گی اور بے شمار رزق حاصل ہو گا۔

# بَشِیْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

خوشخبری دینے والا

قرآن پاک سورہ مائدہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشخبری دینے والا بنا کر بھیجا ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مبارک بشیر صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم بشیر صلی اللہ علیہ وسلم ۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر سمت خوشی حاصل ہو گی۔

# طَیِّبٌ رضی اللہ عنہ

پاک

اللہ تعالیٰ نے حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کو روحانی و جسمانی ہر لحاظ سے ایسی پاکیزگی عطا فرمائی کہ آپ ہمیشہ پاک صاف رہتے اس لیے آپ کا نام طیّب رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مبارک حصولِ طہارتِ باطنی کے لیے ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللّٰہ

# اَلْقَہَّارُ جل جلالہ

سب کو اپنے قابو میں کرنیوالا

جو شخص اس اسمِ مُبارک کا کثرت سے ورد کرے اسے دُشمنوں پر فتح حاصل ہو گی۔ جو شخص سحر کی بنا پر عورت پر قادر نہ ہو یہ اسم چینی کے برتن پر لکھ کر دھو کر پیئے تو سحر دُور ہو جائے گا۔

# نَذِیْرُ صلی اللہ علیہ وسلم

ڈرانے والا

قرآن پاک سُورہ حجر آیت نمبر ۸۹ میں ہے اللّٰہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے محبوب (صلی اللہ علیہ وسلم) فرمایئے کہ میں بے شک (عذابِ الٰہی سے) کھلا ڈرانے والا ہُوں۔ اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک نذیر صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم نذیر صلی اللہ علیہ وسلم ۲۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام دُشمن مغلوب ہوں گے۔

# مُطَیَّبُ رضی اللہ عنہ

خوشبو دینے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ انتہائی نفاست پسند تھے اس لیے آپ کے جسمِ مُبارک سے نہایت پیاری خوشبو مہکتی تھی اس لیے آپ کا نام مُطیَّب رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ پاکیزہ رزق کے لیے ۶۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْوَهَّابُ جل جلالہ

عطا کرنے والا

جو شخص بعد نماز فجر اس اسم مُبارک کا تین سو مرتبہ ورد کرے اوّل آخر گیارہ بار درُود پڑھے اور دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کشادہ فرمائے گا۔

# ھَادِ صلی اللہ علیہ وسلم

ہدایت دینے والا

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو (کافروں، منافقوں کو عذاب الٰہی سے) ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لیے ہدایت دینے والے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک ہادِ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم ہادِ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۱۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے خاتمہ ایمان پر ہو گا۔

# جَوَّادُ رضی اللہ عنہ

بڑا سخی

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کی سخاوت کا باب کرم ہمیشہ کھلا رہتا بعطائے الٰہی آج بھی کھلا ہے اس لیے آپ کا نام جوّادُ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصولِ فراوانی دولت کے لیے ۱۴ مرتبہ صبح پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

# الرَّزَّاقُ جل جلالہ

روزی دینے والا

جو شخص نمازِ صبح سے قبل مکان کے چاروں کونوں میں دس دس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس پر رزق کی کشادگی فرمائے گا۔ یہ عمل قبلہ کی داہنی جانب سے شروع کیا جائے۔

# مُهدٍ صلی اللہ علیہ وسلم

ہدایت دینے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہدایت یافتہ ہیں بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے سب کو ہدایت نصیب ہوئی ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک مُہد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ (اسم مُہد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دنیا و آخرت میں کامیابی ملے گی)۔

# مُرفادُ رضی اللہ عنہ

مدد کیا ہوا

اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے تم میری مدد کرو میں تمہاری مدد کروں گا اور تمہیں ثابت قدم رکھوں گا۔ حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد فرمائی یعنی دین کا ڈنکہ ہر سمت بجایا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی مدد فرمائی ولایت کا اعلیٰ مقام عطا فرمایا اسی لیے آپ کا نام مُرفادُ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول دبدبہ و مرتبہ کے لیے ۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ
الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

87630

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْفَتَّاحُ جل جلالہ

کھولنے والا

جو شخص نمازِ فجر کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ستّر مرتبہ اس اسم کا وِرد کرے گا اس کا دل ہدایت وایمان سے منور ہوگا۔

# رَسُوْلُ صلی اللہ علیہ وسلم

بھیجا ہُوا

قرآن پاک میں عظمت و بزرگی والے اِسم مُبارک کا ذکر کثرت سے آیا ہے۔ قرآن مجید کی ۲۷ سُورتوں میں ۱۲۷ جگہ لفظ رسُول ذکر کیا گیا ہے۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک رسُول صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اِسم رسُول صلی اللہ علیہ وسلم ۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دُنیا کے ہر کام میں برکت ہوگی

# صَائِمُ رضی اللہ عنہ

روزہ رکھنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ یکم رمضان المبارک کو پیدا ہوئے اور پورا ماہ دن کے وقت اپنی والدہ کا دُودھ نہیں پیا۔ اگر پیا تو سحر و افطار کے وقت اسی لیے آپ کا نام صائم رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک بھوک و پیاس کی شدت سے امن کیلئے ۱۲۲ مرتبہ روزہ دار پڑھے۔

یاشیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ

٥٤١٥٢

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْعَلِیْمُ جل جلالہ

—— وسیع علم والا ——

جو شخص اس اسم مُبارک کی کثرت کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر اپنے علم و معرفت کے دروازے کشادہ فرمائے گا اور اس کا حافظہ قوی ہوگا۔

# نبیؐ صلی اللہ علیہ وسلم

—— غیب کی خبر دینے والا ——

قرآن پاک میں یہ پیارا اسم مُبارک گیارہ سُورتوں میں ۲۵ مرتبہ آیا ہے اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک نبیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم نبی صلی اللہ علیہ وسلم ۶۲ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے علم و عمل میں برکت حاصل ہوگی۔

# قائمؒ رضی اللہ عنہ

—— کھڑا ہونے والا ——

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے ۴۰ سال تک عشاء کے وضو سے فجر کی نماز ادا فرمائی رات کا پہلا حصہ نوافل پڑھتے اور دُوسرا ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر تلاوتِ قرآن فرماتے اسی لیے آپ کا نام قائمؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصول ثابت قدمی پُل صراط کیلئے ۱۳۲ مرتبہ ہر جُمعۃ المبارک کی صبح پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

## اَلْقَابِضُ جل جلالہ

روزی تنگ کرنے والا

جو شخص روٹی کے چار لقموں پر اس اسم مُبارک کو لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا بھوک، پیاس، زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

## طٰہٰ صلی اللہ علیہ وسلم

طلب کرنے والا شفاعت کا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا کہ قرآن میں میرے سات نام ہیں ان میں ایک طٰہٰ ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک طٰہٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم طٰہٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے قیامت کے روز سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہو گی۔

## عَابِدُ رضی اللہ عنہ

عبادت کرنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ ہمیشہ با وضو رہتے اگر کبھی بے وضو ہوتے تو فوراً وضو کرتے اور دو رکعت نفل ادا فرماتے، فرائض کے ساتھ نوافل اس قدر پڑھتے کہ چالیس سال تک عشاء کے وضو سے فجر کی نماز ادا فرمائی اسی لیے آپ کا اسمِ گرامی عابدُ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصولِ توفیق عبادت کے لیے ۷۷ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

# اَلْبَاسِطُ جل جلالہ

روزی فراخ کرنے والا

جو شخص نمازِ چاشت کے بعد آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر دس بار روزانہ یہ اسم مُبارک پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادے گا، اور کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

# یٰسٓ صلی اللہ علیہ وسلم

اے سردار

تفسیر کبیر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ میرے رب کے نزدیک میرے دس نام ہیں ان اسما سے ایک یٰسین ہے۔ دس سے زیادہ کی نفی نہیں ہے۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم ۸۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر جگہ عزت و مرتبہ حاصل ہوگا۔

# زَاھِدُ رضی اللہ عنہ

پرہیزگار

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ اس قدر متقی اور پرہیزگار تھے کہ مشتبہ چیز تو درکنار امیروں کی طرف سے آنے والے نذرانوں کو ہاتھ تک نہ لگاتے، اسی لیے آپ کا نام زاہد رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُولِ تقوٰی کے لیے ۷۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الہ الا ھو

# الخافض جل جلالہ

پست کر دینے والا

جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اسی اسم مبارک کو پڑھے گا اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور اس کی تمام مشکلات دور ہوں گی۔

# مزمل صلی اللہ علیہ وسلم

کمبل اوڑھنے والا

تبلیغ رسالت سے پہلے ابتداء وحی میں اس اسم مبارک سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا گیا قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے کمبل اوڑھنے والے اسی بناء پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک مزمل صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم مزمل صلی اللہ علیہ وسلم ۱۱۴ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کاروبار میں برکت ہو گی۔

# ساجد رضی اللہ عنہ

سجدہ کرنے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ رات تین حصوں میں تقسیم فرماتے ایک نوافل کے لیے اور ایک ذکر الٰہی اور ایک تلاوت قرآن کیلئے جب نوافل پڑھتے تو طویل سجدہ فرماتے اپنی پیشانی کو زمین پر عجز و انکساری سے رگڑتے اسی لیے آپ کا نام ساجد رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول توفیق ادب کے لیے ۶۸ مرتبہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بلند کر دینے والا

جو شخص اس اسم مُبارک کا دن اور رات میں ۱۰۱ مرتبہ ورد کریگا۔ اللّٰہ تعالےٰ اس کو عزت، دولت اور اہلیت میں بلندی عطا فرمائے گا۔

# مُدَّثِّرُ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

چادر اوڑھنے والا

نزول وحی کے وقت آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم چادر لپیٹے ہوئے تھے تو اللّٰہ تعالےٰ نے بڑے پیارے انداز میں فرمایا اے چادر اوڑھنے والے اس بنا پر آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک 'مُدّثّر' صلی اللّٰہ علیہ وسلم ہے۔

اسم مدثّر صلی اللّٰہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دُنیا و آخرت میں اعلیٰ مقام ملیگا۔

# وَاجِدُ رضی اللّٰہ عنہ

پانے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللّٰہ عنہ نے اللّٰہ تعالیٰ اور رسُول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے ایسی ایسی نعمتیں برکتیں پائیں کہ کسی اور کو وُہ نصیب نہیں ہوئیں اسی لیے آپ کا نام واجِدُ رضی اللّٰہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُول مُرادِ دل کے لیے ۱۴ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا هُو

# اَلْمُعِزُّ جل جلالہ

عزّت دینے والا

جو شخص پیر یا جُمعہ کے دن بعد نماز مغرب ایک سو چالیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں میں باعزّت اور باوقار بنا دے گا۔

# شَفِیْعٌ صلی اللہ علیہ وسلم

شفاعت کرنیوالا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اپنی اُمّت کے (بھول کر) کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے شفاعت کرنے والا ہوں گا۔ (ترمذی شریف) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک شفیعٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم شفیع صلی اللہ علیہ وسلم ۱۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا روزِ قیامت امن میں ہوگا۔

# مَاجِدٌ رضی اللہ عنہ

بزرگ قابل احترام

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ بچپن سے قابل احترام تھے فرماتے ہیں ہیں کتب میں پڑھنے کے لیے جاتا تو غیب سے آواز آتی اللہ کے دوست کے لیے جگہ چھوڑ دو تو احتراماً تمام طلبہ کھڑے ہوتے اور آپکو جگہ دے دیتے اس بنا پر آپ کا نام ماجد'' رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصولِ مقام و مرتبہ کے لیے ۴۸ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

ذلت دینے والا

جو شخص چھتیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر سر بسجود ہو کر دعا کریگا تو اللہ تعالیٰ اس کو حاسدوں، ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

# خَلِیْلُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

سچا دوست

ابو یعلیٰ نے معراج کی حدیث میں روایت کی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بے شک میں نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اپنا سچا دوست بنایا ہے (سیرت محمدیہ) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک خلیل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اسم خلیل صلی اللہ علیہ وسلم ۷۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا اللہ و رسول کا محبوب ہوگا۔

# جَلِیٌّ رضی اللہ عنہ

ظاہر

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے بچپن میں جب رمضان میں روزے رکھے تو غیب سے آوازیں آتیں اے برکت والے میری طرف اللہ کے دوست کے لیے جگہ خالی کر دو، تو آپ کا مقام ولایت ہر ایک پر ظاہر ہو گیا اسی لیے آپ کا نام جلی رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول پوری شدہ چیز کے لیے ۴۳ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

## اَلسَّمِیْعُ جل جلالہٗ

سب کچھ سُننے والا

جو شخص جُمعرات کے روز چاشت کی نماز کے بعد پچاس مرتبہ اس اسم مُبارک کو پڑھے تو اس کی دُعائیں قبول ہوں گی۔

## کَلِیْمُ صلی اللہ علیہ وسلم

کلام کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر کسی اختلاف کے شب معراج اللہ تعالیٰ سے ہمکلامی کا شرف حاصل کیا اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک کلیم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم کلیم صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے نکیرین کے جواب میں آسانی ہوگی

## خفی رضی اللہ عنہ

چھپا ہُوا

اللہ تعالیٰ نے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو ایسے چھپے ہُوئے راز عطا فرمائے تھے، آپ نے فرمایا اگر میں اپنا کوئی راز آگ پر ظاہر کر دوں تو وہ میرے حال کی عظمت سے بُجھ جائے اور اپنی روشنی اور حرارت سے محروم ہو جائے اس لیے آپ کا نام خفیؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک اپنے عیب چُھپانے کے لیے ۹۸ مرتبہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

# اَلْبَصِیْرُ جل جلالہ

سب کچھ دیکھنے والا

جو شخص جمعرات کے روز نمازِ صبح کی سُنّتوں اور فرضوں کے درمیان اس اسمِ مُبارک کو سو مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائے گا۔

# حَبِیْبٌ صلی اللہ علیہ وسلم

دوست

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بڑے فخر سے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کا حبیب ہوں (مشکوٰۃ) اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک حبیبؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ حبیب صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۲ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر کوئی دوست رکھے گا۔

# تَقِیٌّ رضی اللہ عنہ

خُدا سے ڈرانے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ خوفِ الٰہی سے راتوں کو سجدہ میں گر کر اس قدر روتے کہ زمین تر ہو جاتی اسی بنا پر آپ کا نام تقیؓ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُول خوفِ الٰہی کے لیے ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰهِ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیۡ لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاسَیِّدِیۡ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ

# اَلْحَکَمُ جل جلالہ

حاکم

جو شخص اس اسمِ مُبارک کا ورد روزانہ رات کو ایک ہزار مرتبہ کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس پر بہت سے رازِ سربستہ کھول دے گا۔

# مُصْطَفٰی صلی اللہ علیہ وسلم

چُنا ہُوا

اللہ تعالیٰ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ساری مخلوق سے سب سے زیادہ پسندیدہ چُنے ہوئے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم

اسمِ مُصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم ۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دُنیا و آخرت میں اعلیٰ مقام حاصل ہوگا۔

# نَقِیٌّ رضی اللہ عنہ

پاک

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کی طبیعت انتہائی نفاست پسند، مزاج ازحد لطیف تھا صفائی آپ کو بہت پسند تھی اس بنا پر آپؒ کا نام نقیؒ رضی اللہ عنہ ہے

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ طہارتِ قلب کے لیے ۱۴۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاسَیِّدِیۡ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ

یاشیخ سیّد عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْعَدْلُ جل جلالہ

عدل کرنے والا

جو شخص جُمعہ کے روز یا جُمعہ کی رات میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اسے لکھ کر کھائے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے تمام مخلوق کو مسخّر فرمائے گا۔

# مُرْتَضٰی صلی اللہ علیہ وسلم

برگزیدہ

اللہ تعالیٰ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم ساری مخلوق میں سب سے برگزیدہ ہیں۔ "بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر"۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ پاک مُرتضیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ مرتضیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے تمام لوگوں میں اعلیٰ مرتبہ ملے گا۔

# کَامِلُ رضی اللہ عنہ

پہنچا ہُوا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگرچہ تم سب کا مقام بلند ہے لیکن قربِ الٰہی میں میرا مقام سب سے بلند ہے اور بلند رہے گا اسی بنا پر آپ کا نام کامل رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُول مراتب دُنیاوی کے لیے ۹۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

## اَللَّطِیفُ جل جلالہ

بڑا لطف و کرم کرنے والا

جو شخص ایک سو تینتیس مرتبہ اس اسمِ مُبارک کو پڑھے گا اس کے رزق میں برکت ہوگی اور ان شاءاللہ تعالیٰ اُس کے تمام اُمور بخوشی انجام پذیر ہوں گے۔

## مُجْتَبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

پسند کیا ہُوا

قرآن پاک سُورہ آل عمران (۱۷۹) میں ہے اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے جسے چاہتا ہے اپنے رسُولوں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام سے پسندیدہ ہیں اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا ہر جگہ پسند کیا جائے گا۔

## بَارِزْ رضی اللہ عنہ

ظاہر ہونے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے تمام پر ظاہر ہونے کا اعلان اس طرح فرمایا کہ میرا قدم اللہ کے ہر ولی کی گردن پر ہے۔ تو تمام اولیاء نے آپ کی تعظیم میں سر جھکا دیے اسی لیے آپ کا نام "بارز" رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُولِ گمشدہ چیز کے لیے ۱۱۱ مرتبہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْخَبِیْرُ جل جلالہ

خبر رکھنے والا

جو شخص اس اسمِ مُبارک کو سات روز تک بکثرت پڑھے تو اس پر اسرارِ مخفیہ ظاہر ہوں گے۔ اور اگر کسی موذی کے پنجے میں گرفتار ہو اُس سے نجات حاصل ہو۔

# مُخْتَارُ صلی اللہ علیہ وسلم

اختیار والا

اللّٰہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بے شمار اختیارات دیے حتّٰی کہ زمین و آسمان کے خزانوں کی چابیاں عطا فرمادیں (مشکوٰۃ) اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم پاک مُختار صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ مختار صلی اللہ علیہ وسلم ۱۴۱ مرتبہ پڑھنے سے کاروبار میں انتہائی برکت حاصل ہوگی

# صَفِیُّ رضی اللہ عنہ

مخلص دوست

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے دوستوں، مُریدوں اور صحبت والوں سے فرمایا میرے مُریدو کسی سے نہ ڈرو جو چاہو کرو اس لیے کہ تمہاری دوستی اور بیعت کی نسبت میرے نام سے ہے۔ اسی لیے آپ کا نام صَفِیُّ رضی اللہ عنہ ہے۔
یہ اسم مُبارک حصولِ مخلص ساتھی کے لیے ۱۷۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْحَلِیْمُ جل جلالہ

بُردبار

جو شخص اس اسم کو لکھ کر پانی سے دھوئے اور وہ پانی اپنے اوزاروں پر ملے تو اس کی صنعت وحرفت میں برکت ہو۔ اگر وہ پانی کشتی پر ملا جائے تو غرق ہونے سے محفوظ رہے۔

# نَاصِرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

مدد دینے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر قسم کے حاجتمندوں کی ہر طرح کی مدد فرماتے اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک 'ناصر' صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم ناصر صلی اللہ علیہ وسلم ۱۴۰ مرتبہ پڑھنے والے کی اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے گا۔

# زَکِیٌّ رضی اللہ عنہ

پاک صاف

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ اس قدر پاکیزہ رہتے کہ لباس قیمتی پاکیزہ اور نفیس ترین اور ہمیشہ باوضو رہتے کہ چالیس سال عشاء کے وضو سے فجر کی نماز پڑھی اسی لیے آپ کا نام زکیؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول تندرستی صحت کے لیے ۲۹ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

# اَلْعَظِیْمُ جلّ جلالہ

بہت عظمت والا

جو شخص اس کا بکثرت ورد کرے گا اسے عزت و جاہ نصیب ہو گا اور ہر مرض سے شفا پائے گا۔

# مَنْصُوْرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

مدد دیا ہوا

اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے اور مدد کرنے کا پختہ وعدہ تمام نبیوں اور رسولوں سے لیا۔ جہاد و ہجرت میں فرشتوں کے ذریعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد فرمائی اس لیے آپ کا نام پاک منصورؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم منصور ۱۵۶ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے غریب مالدار ہو جائے گا۔

# حَمِیْدٌ رضی اللہ عنہ

تعریف کرنے والا

جو ہر وقت اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے خدا تعالیٰ اس کی ہر وقت تعریف کرتا ہے اور جسکی تعریف خدا تعالیٰ کرے اسکی تعریف ہر زبان کرتی ہے۔ اسی وجہ سے آپ کا نام حمیدؐ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصولِ عزت واحترام کے لیے ۵۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰهِ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

# اَلْغَفُوْرُ جل جلالہ

بخشنے والا

اس اسمِ مُبارک کا سَو مرتبہ باقاعدگی سے روزانہ ورد کرنے والا ہر قسم کے دردِ سر بُخار اور مایوسی سے محفوظ ہو جاتے گا اور اسے اللہ تعالیٰ کی مغفرت بھی حاصل ہو گی۔

# قَائِمُ صلی اللہ علیہ وسلم

قیام کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نمازوں کے علاوہ رات نوافل میں اس قدر لمبا قیام فرماتے کہ قدم مُبارک متورم ہو جاتے تھے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک قائم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

# نَاصِرُ رضی اللہ عنہ

مددگار

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرے مُریدو اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرو تمہارے ہر معاملے میں تمہارا مددگار ہُوں اس لیے آپ کا نام ناصر رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ عزت و احترام کے لیے ۵۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلشَّکُوْرُ جل جلالہٗ

قدر دان

جو شخص اس اسمِ مُبارک کو اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھے تو ان شاءاللہ معاشی تنگی یا کسی اور دُکھ درد میں مبتلا نہ ہو۔

# حافظ صلی اللہ علیہ وسلم

حفاظت کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم حافظ وحی ہونے کے علاوہ اپنی اُمّت کے حافظ و نگہبان ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک حافظ" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ حافظ صلی اللہ علیہ وسلم ۹۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے نسیان کی بیماری ختم ہوتی ہے۔

# مُنَاصِرُ رضی اللہ عنہ

باہم مدد کرنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کا ناصر و مددگار اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ ہے اور آپ اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کے دین کے مددگار ہیں، اس لیے آپ کا نام مناصرؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصولِ شان وعظمت کے لیے ۱۹۱ مرتبہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّدْ عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْعَلِیُّ جل جلالہ

بہت بلند و برتر

جو شخص اس اسم مُبارک کو ہمیشہ سو مرتبہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے اسے مرتبے کی بلندی، خوشحالی اور مقصد میں کامیابی و کامرانی نصیب ہوگی۔

# شَہِیْدٌ صلی اللہ علیہ وسلم

گواہ

قرآن پاک سورہ بقرہ (۱۴۳) میں ہے کہ "اور ہوں رسول صلی اللہ علیہ وسلم گواہ اُوپر لوگوں کے" اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک شہیدٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم شہید صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے آخرت میں اعلیٰ مقام ملے گا۔

# سَعِیْدٌ رضی اللہ عنہ

نیک گواہ

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے مجھے نیک بختی اور بلند ہمتی کا خلعت عطا فرمایا ہے اور کمالات کے بہت سے تاج مجھے پہنائے ہیں اسی لیے آپ کا نام سعیدٌ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصول نیک بختی کے لیے ۱۴۴ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰه

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰه

# اَلْكَبِیْرُ جل جلالہ

بہت بڑا

اگر کوئی شخص عہدہ سے معزول ہوگیا ہو تو سات روزے رکھے اور سات روز تک ایک ہزار مرتبہ اس اسمِ مبارک کو پڑھے تو ان شاء اللہ وہ دوبارہ اپنے عہدہ پر فائز ہو جائے گا۔

# عَادِلُ صلی اللہ علیہ وسلم

انصاف کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ساری مخلوق میں سب سے زیادہ انصاف کرنے والے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مبارک عادلؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم عادل صلی اللہ علیہ وسلم ۹۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل نیکیوں کی جانب راغب ہوگا۔

# رَشِیْدُ رضی اللہ عنہ

سیدھی راہ چلنے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرا طریقہ صرف اتباع نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور اتباع رسول ہی سیدھی راہ ہے اس لیے آپ کا نام رشیدؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصولِ صراطِ مستقیم کے لیے ۲۱۴ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰه

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# الحفیظ جل جلالہ

سب کا محافظ

جو شخص ایک ہزار مرتبہ اس اسمِ مبارک کا ورد رکھے گا اور لکھ کر پاس رکھے گا وُہ ہر طرح کے خوف و خطر اور نقصان و ضرر سے محفوظ رہے گا۔

# حکیم صلی اللہ علیہ وسلم

حکمت والا

قرآنِ پاک سُورہ بقرہ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو کتاب اور حکمت سکھاتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ سب سے زیادہ حکیم و دانا ہیں، اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی "حکیم" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ حکیم ۸۸ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کے علم اور قوت حافظہ میں برکت ہوگی

# مُنج رضی اللہ عنہ

نجات دینے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ باذن الٰہی اپنے غلاموں کو غموں سے نجات دینے والے اور دوزخ سے بچانے والے ہیں اس لیے آپکا نام مُنج رضی اللہ عنہ ہے۔ (یہ اسم مُبارک بیماریوں سے نجات کے لیے ۱۰۳ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے)۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

## اَلْمُقِیْتُ جل جلالہ

قوت دینے والا

اگر اس اسمِ مُبارک کا تین سو چھہتّر مرتبہ ورد کر کے ایک گلاس پانی پر دم کیا جائے اور اس پانی کو نا فرمان بچے کو پلایا جائے تو وہ بچہ ان شاء اللہ الرحمٰن فرمانبردار بن جائے گا۔

## نُوْرُ صلی اللہ علیہ وسلم

روشن

قرآن پاک میں ہے بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نُور آیا۔ تمام مفسّرین کرام فرماتے ہیں نُور سے مُراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک نُور صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ نُور صلی اللہ علیہ وسلم ۲۵۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا چہرہ قیامت کے دن نُورانی ہوگا۔

## غَوْثُ رضی اللہ عنہ

فریاد رس

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ اپنے مُریدوں اور عقیدتمندوں کی مشکل میں فریاد رسی کرتے ہیں، اس لیے آپ کا نام غوث رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُولِ غلبہ و دبدبہ کے لیے ۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِرْ جِیلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلْحَسِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ

کفالت کرنے والا

جس شخص کو کسی شے کا خوف ہو وہ صبح سورج نکلنے سے قبل اور مغرب کے بعد ستائیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے اور یہ عمل جمعرات سے شروع کرے۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر وہ خوف جاتا رہے گا۔

# حُجَّۃٌ صلی اللہ علیہ وسلم

دلیل

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی برہان ہوں یعنی دلیل ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر بڑی حجۃ ہیں اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک "حُجّۃ" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ (اسم حجۃ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر جگہ عزت ملے گی)

# قُطْبُ رضی اللہ عنہ

سردار

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے علم اس قدر پڑھا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے قطب بنا دیا اسی بنا پر آپ کا اسم گرامی قطبُ رضی اللہ عنہ ہے۔
یہ اسم مبارک حصول علم و عمل کے لیے ۱۱۱ مرتبہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْجَلِیْلُ جل جلالہ

بڑے اور بلند مرتبہ والا

جو شخص مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا یا اس کا بکثرت ورد کرے اللہ تعالیٰ جل جلالہ مخلوق کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا فرمائے گا۔ اور اس کو قدر و منزلت عطا فرمائے گا۔

# بُرْھَانُ صلی اللہ علیہ وسلم

حجت

قرآن پاک میں ہے کہ اے لوگو تمہارے پاس رب کی طرف سے کھلی حجت (دلیل) آگئی ہے (سورہ نساء ۱۷۴) ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم برھان ربی ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک برہان صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم برہان صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کی بات لوگوں میں معتبر ہو گی۔

# نَقِیْبُ رضی اللہ عنہ

بزرگ عزت والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنے راز قدیم کا واقف محرم بنایا اور میرے گلے میں عزت و بزرگی کا ہار پہنایا اس لیے آپ کا نام نقیب رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول بزرگی کے لیے ۱۶۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

# اَلْکَرِیْمُ جل جلالہ

کرم کرنے والا

جو شخص ہمیشہ سوتے وقت اس اسمِ مبارک کی کثرت کرے گا اللہ تعالیٰ جل جلالہ علماء اور صلحاء میں اس کی عزت پیدا فرمائے گا۔

# اَبْطَحِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم

ابطح (بطحا) والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم مقام ابطح جسے عام بطحا کہا جاتا ہے۔ اس مقام پر منیٰ سے واپسی پر ٹھہرے تھے لہٰذا قیام رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے اس جگہ کو شرف ملا اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک بوجہ نسبت ابطحی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم ابطحی صلی اللہ علیہ وسلم ۵۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے لوگوں میں اعلیٰ مقام ملے گا۔

# نَجِیْبُ رضی اللہ عنہ

شریف خاندان والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کی اولاد سے ہیں تو ان کا خاندان دُنیا کے تمام خاندانوں سے افضل و اعلیٰ اور شریف ہے اس مناسبت سے آپ کا نام نجیب رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصولِ مقصد کے لیے ۶۲ مرتبہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلرَّقِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا نگہبان

جو شخص اپنے اہل و عیال اور مال و منال پر سات مرتبہ اسی اسمِ مبارک کو پڑھ کر روزانہ دم کیا کرے تو تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

# مُؤْمِنٌ صلی اللہ علیہ وسلم

ایمان والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف مومن ہیں بلکہ مومن گر ہیں اور ایمان نام ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو محبت کے ساتھ ماننے اور دل سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنے کا ہے اس لیے آپ کا اسمِ مبارک مُؤمِنٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم مومن صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف امن حاصل ہوگا۔

# خاشِعٌ رضی اللہ عنہ

عاجزی کرنے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اعتراف نہایت عاجزی اور انکساری ہے اس کا آپ حکم فرماتے اور سب سے زیادہ خود عمل فرماتے اس لیے آپ کا نام خاشعٌ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مبارک حصولِ بلندیٔ درجات ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلْمُجِیْبُ جَلَّ جَلَالُہٗ

دُعائیں قبول کرنیوالا

جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کو پڑھا کرے تو اس کی دُعاؤں کو بارگاہ الٰہی میں درجہ قبولیت حاصل ہو۔

# مُطِیْعٌ صلی اللہ علیہ وسلم

اطاعت کرنے والا

اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم رب کریم کی سب سے زیادہ اطاعت کرنے والے ہیں اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک مُطِیعٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اسم مُطیع صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل عبادتِ الٰہی کیطرف مائل ہو گا۔

# خَاضِعٌ رضی اللہ عنہ

جھکنے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جُھکنے اور متواضع ہونے سے اللہ تعالیٰ بلند مقام عطا فرماتا ہے اسی پر آپ نے عمل فرمایا اور مقام پایا اسی بنا پر آپ کا نام خاضعٌ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک برائے حصُول عہدہ و اقتدار ۱۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الہ الا ہو

# اَلْوَاسِعُ جل جلالہ

فراخی دینے والا

جو شخص اس اسم مبارک کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ جل جلالہ اُسے غنائے ظاہری و باطنی اور عزت و جاہ عطا فرمائے گا۔

# مُذَکِّرُ صلی اللہ علیہ وسلم

نصیحت کرنے والا

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نصیحت کریں بے شک آپ نصیحت کرنے والے ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم پاک "مذکر" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم مذکر صلی اللہ علیہ وسلم ۲۶۴ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے گناہوں سے بچنے کی توفیق حاصل ہو۔

# بُرْھَانُ رضی اللہ عنہ

دلیل

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے برہان ربی کا مظاہرہ فرماتے ہوئے مردوں کو زندہ کر دیا غیر مسلموں کو مومن بنا دیا اسی وجہ سے آپ کا نام برہانُ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول جاہ و حشم کے لیے ۴۷ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللّٰہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا حبیب اللّٰہ

# اَلْحَکِیْمُ جل جلالہٗ

حکمت والا

جو شخص اس اسمِ مُبارک کا کثرت سے ورد کرے گا اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ سے مصائب سے نجات عطا فرمائے گا اور اس پر علم و حکمت کے دروازے کشادہ کردیگا۔

# وَاعِظُ صلی اللہ علیہ وسلم

نصیحت کرنے والا

قرآن میں ہے اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ فرمایئے کہ تم کو ایک بات کی نصیحت کرتا ہُوں (سورۃ سبا ۴۶) اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک واعظ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم واعظ صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے کلام میں بہت تاثیر پیدا ہوگی۔

# صَاحِبُ رضی اللہ عنہ

دوست

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرے دوستو! ہمت و عزم سے کام لو خوش رہو، غنی ہوجاؤ کیونکہ تم میرے دوست و مرید ہو اور میں اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ کا دوست ہُوں اسی لیے آپ کا نام صاحبؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک احباب میں وقار و عزت کے لیے ۱۰۱ مرتبہ پڑھا جائے

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هوالله الذی لا اله الا هو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول الله

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول الله

# اَلْوُدُوْدُ جل جلالہ

محبت کرنے والا

جو شخص روزانہ اس اسمِ مبارک ہزار مرتبہ ذکر کرے گا وہ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا محبوب ہو جائے گا۔ اگر کسی کھانے پر ایک ہزار مرتبہ دم کر کے کسی کو کھلایا جائے تو اُس کے دل میں محبت پیدا ہو گی۔

# اَمِیْنُ صلی اللہ علیہ وسلم

امانت دار

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے بڑھ کر امین اور قول کے سچے تھے۔ چنانچہ اعلانِ نبوت سے پہلے کفارِ مکہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو امین کہا کرتے تھے۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مبارک اَمِیْنُ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم امین صلی اللہ علیہ وسلم ۹۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے گھر اور مال و اولاد حفاظتِ الٰہی میں ہو گی

# ثَاقِبُ رضی اللہ عنہ

چمکدار

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میرے مرید اور شاگرد سخت گرمیوں میں روزے رکھتے ہیں اور راتوں کی تاریکیوں میں موتی کی طرح چمکتے ہیں اور ان کی ساری چمک دمک غوث پاک رضی اللہ عنہ کی چمک سے ہے اسی لیے آپکا نام ثاقب رضی اللہ عنہ ہے

یہ اسمِ مبارک حصولِ روحانیت ظاہری باطنی کیلئے ۱۰۲ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

# اَلْمَجِیْدُ جل جلالہ

بہت بزرگی والا

اس اسمِ مُبارک کو باقاعدگی سے ورد کرنے والے کو ان شاء اللہ الرّحمٰن عزّت و وقار حاصل ہو گا۔ برص کا مریض چاند کی ۱۳۔ ۱۴ اور ۱۵ کو روزہ رکھے اور افطار کے بعد اس اسمِ مُبارک کی کثرت کرے تو اس کا یہ مرض دُور ہو جائے گا۔

# مَدَنیؐ صلی اللہ علیہ وسلم

مدینے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کے بعد دس سال ظاہری زندگی مدینہ طیبہ میں قیام فرما رہے پھر وصال شریف ہُوا تو مدینہ شریف کو ہی آخری آرام گاہ بنایا اس بنا پر آپ کا اسمِ مُبارک مدنیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم مدنی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے پاکیزہ رزق کے دروازے کُھل جائینگے۔

# وَارِثؓ رضی اللہ عنہ

حاکم مالک

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے دُنیا کے تمام اقطاب و اولیاء کا مجھے حاکم و وارث بنایا ہے پس میرا حکم ہر حال میں ہر شخص پر واجب العمل ہے اسی لیے آپ کا نام وارثؓ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصُول مکان و دکان کیلئے ۲۰۷ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰهِ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَ

# اَلْبَاعِثُ جل جلالہ

اُٹھانے والا

جو شخص سوتے وقت سینہ پر ہاتھ کر سو مرتبہ اس اسمِ مبارک کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے قلب کو علم و حکمت سے منور فرمائے گا۔

# عَرَبِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

عرب والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سرزمینِ عرب میں پیدا ہوئے اس سے قبل کوئی نبی اس زمین میں پیدا نہیں ہوا انبیاء کرام علیہم السلام دُوسرے علاقوں سے اس جگہ ضرور آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم عرب کے رہنے والے تھے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مبارک عربیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

# وَارِعُ رضی اللہ عنہ

گناہوں سے بچنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ بچپن ہی سے جھوٹ فریب اور ہر قسم کے گناہ سے بچنے والے تھے اسی بنا پر آپ کا نام وارعؓ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مبارک مکر و فریب سے دفاع کے لیے ۷۷ مرتبہ پڑھا جاتے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلشَّهِیْدُ جل جلالہ

حاضر و ناظر ، گواہ

جو شخص اولاد یا اپنی بیوی کے سر کے بال پکڑ کر ایک ہزار مرتبہ اس اسم مُبارک کا ورد کرے اور ان پر دم کرے تو وُہ تابع فرمان ہوں گے ۔

# ھَاشِمِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

ہاشم والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پردادا کا نام ہاشم صلی اللہ علیہ وسلم تھا جو بہت بڑے سردار تھے اُنکے نام کی نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی ہاشمیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اسم ہاشمی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے عہدہ میں ترقی ملے گی ۔

# بَارِعٌ رضی اللہ عنہ

دُوسروں سے بڑھا ہُوا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں آسمان معرفت میں سب سے آگے ہُوں اور دُنیا میں کسی ولی کو میرے جیسی بزرگی وعظمت عطا نہیں ہوتی ، اس لیے آپ کا اسم گرامی بارعؓ رضی اللہ عنہ ہے ۔

یہ اسم مُبارک کسی مقابلہ میں کامیابی کے لیے ۲۲۷ مرتبہ پڑھا جائے ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُو

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

## اَلْحَقُّ جلّ جلالہ

برحق و برقرار

اگر وہ شخص جس کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اس اسم مبارک کا ورد کرے تو گم شدہ چیز انشاء اللہ العزیز اسے جلد مل جائے گی۔

## تِہَامِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

تہامہ والا

مکّہ مکرمہ کے قرب میں تہامہ نام کا ایک ریگستان ہے جو مکّہ کا ہی حصہ ہے اور مکّہ کا ایک نام تہامہ بھی ہے اس نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک تہامیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم تہامی صلی اللہ علیہ وسلم ۹۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دل میں محبت الٰہی اور رقت پیدا ہو گی۔

## بَغْدَادِیٌّ رضی اللہ عنہ

بغداد والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے تمام علوم بغداد سے حاصل کیے پھر ساری زندگی بغداد میں بسر کی بغداد میں ہی آپ کی آخری آرامگاہ ہے اس مناسبت سے آپ کا نام بغدادی رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول شہرت و مشہوری کے لیے ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# اَلْوَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ

کارساز

جو شخص کسی بھی آسمانی آفت کے وقت بکثرت اس اسم مُبارک کا ورد کرے اور اس اسم مُبارک کو اپنا وکیل بنا لے گا وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

# حِجَازِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

حجاز والا

مکّہ مکرّمہ ، مدینہ منوّرہ اور جدّہ وغیرہ کے قرب وجوار کے شہر ملک عرب کا سب سے زیادہ پیارا صوبہ حجاز مقدّس ہے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک حجازیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم حجازی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے کھیتی میں برکت ہوگی۔

# لَائِقٌ رضی اللہ عنہ

قابلیت رکھنے والا

حضرت محمد بن حسین موصلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی قابلیت کا یہ حال تھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہزاروں علوم پر دسترس عطا فرمائی تیرہ علوم میں تقریر فرماتے صبح وشام تفسیر وحدیث ، اصول وغیرہ کا درس دیتے اس بنا پر آپ کا نام لائق رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک کند ذہن کی درستی کے لیے ۱۳۲ مرتبہ روزانہ پانی پڑھ کر پلایا جائے۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

# اَلْقَوِیُّ جل جلالہٗ

طاقت والا

جو شخص واقعی مظلوم اور کمزور ہو وُہ اُس ظالم اور طاقتور دُشمن کو دفع کرنے کی نیّت سے بکثرت اس اسمِ مُبارک کو پڑھے تو اس سے محفوظ رہے گا۔

# نِزَارِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

مضر بن نزار کی اولاد سے

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سترھویں دادا حضرت نزار رضی اللہ عنہ ہیں جو اپنے وقت کے بہت سخی اور سردار تھے اُن کی نسبت کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مُبارک نزاریٌّ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ (اسم نزاری صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزق میں برکت ہوگی)۔

# رَاسِخٌ رضی اللہ عنہ

مضبُوط

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ اس قدر راسخ فی العلم تھے کہ ایک دفعہ ایک سو علماء بڑے بڑے سوال لے کر آپ کے پاس آئے آپ نے ان کے سامنے دلائل قاہرہ کے انبار لگا دیے آپ کے سامنے انہیں سرِ تسلیم خم کرنا پڑا اس لیے آپ کا نام راسخ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حفظ قرآن اور دُوسرے علوم کو یاد رکھنے کے لیے ۶۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یاشیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللّٰہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللّٰہ

## اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

مضبوط

جو شخص اپنے لڑکے یا لڑکی پر یہ اسم مُبارک دس مرتبہ پڑھے گا تو وہ بچہ فسق و فجور اور گناہوں سے محفوظ رہے گا۔

## قُرَیْشِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

قریش والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نویں دادا فہر بن مالک رضی اللہ عنہ کا لقب قریش تھا جن سے قبیلہ قریش ہے۔ قرآن میں سورہ قریش آئی ہے۔ مشکوٰۃ میں قریش کے مناقب بیان کیے گئے ہیں اس نسبت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی قریشی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم قریشی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۱۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا خاندان اور لوگوں میں عزت والا ہوگا۔

## شَامِخٌ رضی اللہ عنہ

بلند مرتبہ والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگرچہ تم سب کا مقام بلند ہے لیکن قربِ الٰہی میں میرا مقام سب سے بلند و بالا ہے، اسی لیے آپ کا نام شامخ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصولِ ترقی ہر کام کے لیے ۱۴۱ مرتبہ پڑھا جائے۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

# الولی جل جلالہ

دوست

جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں سے خوش نہ ہو اُس کے سامنے جاتے وقت اس اسم مُبارک کو کثرت سے پڑھے۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اسے نیک خصلتیں عطا فرمائے گا۔

# مُضریؐ صلی اللہ علیہ وسلم

مُضر والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سولہویں دادا جان کا نام مُضر تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مُضر کو گالی نہ دو وُہ ملّتِ ابراہیم پر تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام آباؤ اجداد مواحد تھے ان کی نسبت سے آپ کا اسم مُبارک مُضریؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔
اسم مضری صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے زندگی شان سے گزرے گی۔

# ولیؓ رضی اللہ عنہ

دوست

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی محبت، دوستی کے مجھے خوب ساغرِ معرفت پلائے کہ عشقِ الٰہی کے نشہ و سرور میں دُنیا بھر کے لوگوں سے بلند و محترم ہو گیا اس لیے آپ کا اسم گرامی ولیؓ رضی اللہ عنہ ہے۔
یہ اسم مُبارک حصول رضائے الٰہی کے لیے ۴۶ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

یاشیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

## اَلْحَمِیْدُ جل جلالہ

قابلِ تعریف

جو شخص پنتالیس روز تک متواتر ۹۲ مرتبہ خلوت میں اس اسمِ مبارک کو پڑھتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس میں اخلاقِ حمید پیدا فرما دے گا۔

## اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم

بے پڑھے

اُمّی ہونا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں سے ایک عظیم معجزہ اور اسماء میں عظیم الشان نام مبارک ہے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُنیا میں کسی سے نہیں پڑھا اور کتاب وہ لائے جو علوم الاوّلین والآخرین کی جامع ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک "اُمّی" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم ۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے علم و عرفان میں برکت ہوگی۔

## شہبازِ لامکانی رضی اللہ عنہ

لامکاں کی پرواز کرنے والا

حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم معراج کی رات سدرۃ المنتہیٰ سے آگے جس رفرف پر سوار ہو کر لامکاں تک گئے اعلیحضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ اور تمام علمائے سلف نے فرمایا وہ رفرف حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کی رُوح تھی اس بنا پر آپکا نام شہبازِ لامکانی رضی اللہ عنہ ہے۔ (یہ اسم مبارک حصولِ درجات بلند و بالا کیلئے ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں)

یا شیخ سیّد عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْمُحْصِیْ جل جلالہ

گھیرنے والا

جو شخص روزانہ اس اسمِ مبارک کا سو مرتبہ ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اُسے روزِ قیامت حساب و کتاب کی سختی سے نجات عطا فرمائے گا۔

# عَزِیْزٌ صلی اللہ علیہ وسلم

غالب

تفسیر کبیر میں امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں ربِّ عزیز کو نبی عزیز پر اُمّتِ عزیز کے لیے نازل فرمایا ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی عزیزٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے
اسمِ عزیز صلی اللہ علیہ وسلم ۹۴ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دُشمنوں پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

# ظَاھِرٌ رضی اللہ عنہ

ظاہر کرنے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے بڑے بڑے بدمذہبوں سے مناظرے کیے اور اپنے علم سے تمام پر حق ظاہر کر دیا اس بنا پر آپ کا نام ظاہرٌ رضی اللہ عنہ ہے۔
یہ اسمِ مبارک درستیٔ فیصلہ و مقدمہ کے لیے
۲۰۶ مرتبہ پڑھیں۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

# اَلْمُبْدِئُ جل جلالہ

پہلے پیدا کرنے والا

جو شخص اس اسمِ مُبارک کو ہزار مرتبہ پڑھ کر حاملہ عورت کی طرف دَم کرے تو وُہ عورت حمل کے ضائع ہونے سے ان شاء اللّٰہ محفوظ رہے گی۔

# حَرِیْصٌ صلی اللہ علیہ وسلم

حرص کرنیوالا (لوگوں کے ایمان کے لیے)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُمت کی نجات وفلاح اور کامیابی کی بڑی خواہش ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک حریص صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ حریص صلی اللہ علیہ وسلم ۳۰۸ مرتبہ پڑھنے سے دین و دُنیا میں کامیابی ہوگی۔

# بَاطِنٌ رضی اللہ عنہ

چھپانے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کو اللّٰہ تعالیٰ نے ایسے ایسے پوشیدہ راز عطا فرمائے آپ فرماتے ہیں اگر ان میں سے کوئی راز پہاڑوں پر ڈال دوں تو وُہ ریزہ ریزہ ہوجائیں اسی لیے آپ کا نام مُبارک باطنٌ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک بُرے کام کو اچھائی میں بدلنے کے لیے ۶۲ مرتبہ صبح و شام پڑھیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

## اَلْمُعِیْدُ جل جلالہ

دوبارہ پیدا کرنے والا

گم شدہ شخص کو واپس بلانے کے لیے جب گھر کے سب افراد سو جائیں تو گھر کا ایک فرد گھر کے چاروں کونوں میں نشتر مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو سات روز میں واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا۔

## رَءُوْفٌ صلی اللہ علیہ وسلم

بہت پیار کرنے والا

قرآن پاک میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایمانداروں سے بہت ہی پیار کرنے والے مہربانی فرمانے والے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک رءُوفٌ صلی اللہ علیہ وسلم ہے

اسم رءوف صلی اللہ علیہ وسلم ۲۸۷ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے پر اللہ و رسول دنیا و آخرت میں خوش ہوں گے۔

## طَاهِرٌ رضی اللہ عنہ

پاکیزہ

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ پاکیزہ عادات و اطوار والے تھے اس بنا پر آپ کا نام طاہرؒ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول سکون قلب کے لیے ۱۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

# المُحیی جل جلالہ

زندہ کرنے والا

جو شخص سخت زیر بار ہو تو اس اسم مُبارک کا کثرت سے ورد کرے تو اس بارِ گراں سے جلد آزاد ہو جائے گا۔ ۸۹ مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر دَم کرے تو قید سے محفوظ رہے گا۔

# رحیم صلی اللہ علیہ وسلم

بہت مہربانی فرمانے والا

قرآنِ پاک میں ہے کہ بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایمانداروں سے بہت پیار کرنے والے اور بہت مہربانی فرمانے والے ہیں۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ گرامی "رحیم" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم رحیم صلی اللہ علیہ وسلم ۲۵۸ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے روزی میں برکت ہوگی۔

# مُطَھّر رضی اللہ عنہ

پاک کرنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے بڑے بڑے آتش پرست اور ناپاک بد مذہبوں پر جب اپنی نظرِ ولایت ڈالی تو اُن کا ظاہر و باطن پاک کر دیا اسی بنا پر آپ کا نام "مطہر" رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصولِ شفاءِ امراض کے لیے ۱۵۴ مرتبہ پڑھیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا سَیِّدِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا سَیِّدِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ

یاشیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا سَیِّدِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ

# اَلْمُمِیْتُ جل جلالہ

مارنے والا

جو شخص اس اسمِ مُبارک کو روزانہ سو مرتبہ ورد میں رکھے تو اُس کو اپنے دُشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔ اس اسم شریف کا ورد بے حد موثر ہے۔

# یَتِیْمٌ صلی اللہ علیہ وسلم

نایاب، نابالغ جس کا باپ فوت ہو جائے

قرآن پاک سورہ والضحیٰ میں ہے کہ کیا اس نے نہیں پایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یتیم پھر اپنی آغوشِ رحمت میں جگہ دی اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی یتیم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم یتیم صلی اللہ علیہ وسلم ۴۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کو ہر طرف فتح حاصل ہوگی۔

# مُطِیْعٌ رضی اللہ عنہ

اطاعت کرنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے اللہ و رسول جلّ جلالہٗ وصلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ایسی اطاعت فرمائی کہ آپ کا نام مُطیع رضی اللہ عنہ ہوگیا۔

یہ اسم مُبارک اولاد کی فرمانبرداری کیلئے ۱۲۹ مرتبہ پڑھ کر سوتے میں انکے سینے پر دم کریں۔

یَا شَیۡخ سَیِّد عَبۡدُ الۡقَادِر جِیۡلَانِیۡ شَیۡئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

## اَلْحَیُّ جل جلالہ

زندہ

جو شخص اس اسمِ مُبارک کا روزانہ تین ہزار مرتبہ ورد کرے گا کبھی بیمار نہیں ہوگا اور طویل زندگی پائے گا۔

## غَنِیٌّ صلی اللہ علیہ وسلم

بے پرواہ

قرآنِ پاک سُورہ والضحیٰ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاجت مند پایا تو غنی کر دیا اس بنا پر آپ کا اسمِ مُبارک غنیؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ غنی صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا بہت بڑا مالدار ہو جائے گا۔

## مُجِیْبُ رضی اللہ عنہ

جواب دینے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ پر اپنے اور بیگانے طرح طرح کے سوال کرتے لیکن آپ ہر ایک کو مثبت جواب دیتے جس سے لوگ دنگ رہ جاتے اس لیے آپ کا نام مُجیبؒ رضی اللہ عنہ ہے

یہ اسمِ مُبارک حصولِ قبولیتِ دُعا کے لیے ۵۵ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُو

# اَلْقَیُّوْمُ جل جلالہٗ

ہمیشہ رہنے والا

جو شخص کثرت سے اس اسمِ مُبارک کا ورد کرے گا بھول اور غلطیوں سے محفوظ رہے گا اور اس سے نیند کا غلبہ جاتا رہے گا۔

# جَوَّادُ صلی اللہ علیہ وسلم

سخی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے خیر و بھلائی کے معاملہ میں زیادہ سخی تھے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک جوّادؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ جوّاد صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر چیز میں برکت ہوگی۔

# اَجِیْبُ رضی اللہ عنہ

فرمانبرداری کرنیوالا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے اللہ و رسُول جل جلالہٗ و صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے احکام کی اسقدر فرمانبرداری کی اور آگے لوگوں کو حکم دیا کہ آپ کا نام اجیب رضی اللہ عنہ ہوگیا۔

یہ اسمِ مُبارک لوگوں پر دبدبہ کے لیے ۱۱۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

# اَلْوَاجِدُ جل جلالہ

پانے والا

جو شخص کھانے کے لقمہ پر اس اسم مُبارک کو پڑھے گا اللہ اُس کے دل کو قوّت عطا فرمائے گا۔

# فتّاحُ صلی اللہ علیہ وسلم

فیصلہ کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم عطائے الٰہی سے جھگڑوں کو دُور کرنے والے قید و بند سے چھڑانے والے ہیں اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام فتاحؐ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔
اسم فتاح صلی اللہ علیہ وسلم ۴۸۹ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف رزق کے دروازے کھُل جائیں گے۔

# شاھدُ رضی اللہ عنہ

مشاہدہ کرنے والا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جب میں کسی بندہ کو اپنا محبوب بنا لیتا ہُوں تو اُس کی آنکھ، کان، ہاتھ، پاؤں بن جاتا ہُوں جس سے وُہ دیکھتا، سُنتا، پکڑنا، آتا جاتا ہے اسی لیے حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ساری دُنیا کا مشاہدہ کرنے والا ہُوں جیسے ہاتھ پر رائی کا دانہ ہو اس لیے آپ کا نام شاہد رضی اللہ عنہ ہے۔
یہ اسم مُبارک حصُول برکت کے لیے ۱۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

## اَلْمَاجِدُ جل جلالہ

بزرگی والا

جو شخص خلوت میں اس اسم مبارک کا اس قدر ورد کرے کہ بے خود ہو جائے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے قلب کو نورِ ہدایت و عرفان سے منور فرمائے گا۔

## عَالِمٌ صلی اللہ علیہ وسلم

جاننے والا

قرآن پاک سورہ نحل (۸۹) میں ہے کہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کتاب نازل فرمائی جس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے۔ لہٰذا حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہر چیز کے جاننے والے ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام عالم" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم عالم صلی اللہ علیہ وسلم ۱۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے علم و عمل میں برکت ہوگی۔

## رَاشِدٌ رضی اللہ عنہ

سیدھی راہ چلنے والا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ ہمیشہ صراطِ مستقیم پر چلے اور آپ کی برکت سے ہزاروں کو سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق ملی اسی لیے آپ کا نام راشد" رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک راستہ بھول جانے پر ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰه

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللّٰہ

# اَلْوَاحِدُ جل جلالہ

ایک

جو شخص روزانہ ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اس کے دل سے مخلوق کی محبت نکل جائے گی اور ہر ایک کا دل سے خوف جاتا رہے گا۔

# طَیِّبُ صلی اللہ علیہ وسلم

پاکیزہ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے کستوری اور عنبر کبھی نہیں سونگھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ مبارک سے زیادہ خوشبودار ہو اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک طَیِّبُ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم طیب صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے غیب سے پاکیزہ رزق حاصل ہوگا۔

# زَائِدُ رضی اللہ عنہ

بڑھا ہوا

حضرت حارث بن عثمان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ زہد تقوی اور کمالات معرفت میں یگانہ اور روزہ و عبادت و ریاضت میں سب سے بڑھے ہوئے تھے اسی بنا پر آپ کا نام "زائد" رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصول علم و عرفان کے لیے ۱۱ مرتبہ پڑھیں۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْاَحَدُ جل جلالہ

اکیلا

جو شخص اس اسم مُبارک کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے تو ان شاء اللہ العزیز عزّت و سرفرازی پائے اور اس پر سربستہ راز کھلیں گے۔

# طَاہِرُ صلی اللہ علیہ وسلم

پاک

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر قسم کے عیب سے پاک اور ہر اعتبار سے طیبؒ طاہر تھے اس بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک طاہر صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم طاہر صلی اللہ علیہ وسلم ۲۱۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے طہارت نفس حاصل ہوگی۔

# فَائِقُ رضی اللہ عنہ

بزرگ

اللہ تعالیٰ نے حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو آپ کے ہمعصر تمام علماء و مشائخ پر برتری عطا فرمائی اسی وجہ سے آپ کا اسم مُبارک فائقؓ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصول بزرگی و مرتبہ کے لیے ۱۸۲ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

# اَلصَّمَدُ جل جلالہ

بے نیاز

جو شخص اس اسمِ مُبارک کو باوضو کثرت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کی جائز تمام ضروریات پُوری کرے گا اور اُسے کسی کی مدد کی محتاجی نہ ہو گی۔

# مُطَهَّرٌ صلی اللہ علیہ وسلم

پاک کرنے والا

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) انہیں پاک کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر اعتبار سے پاک اور دُوسروں کو بھی پاک کرنے والے ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک مُطہر" صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ مطہر صلی اللہ علیہ وسلم ۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے والے کا چہرہ و دل روشن ہو گا۔

# بَصِیْرٌ رضی اللہ عنہ

سمجھدار، دیکھنے والا

اللہ تعالیٰ نے حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کو وُہ سمجھداری اور نُورِ بصیرت عطا فرمایا کہ کوئی سائل آپکے پاس آتا آپ اُس کے سوال بیان کرنے سے پہلے اُسے وُہ عطا کر دیتے یا وُہ جواب عطا فرما دیتے جس کی وُہ دل میں آرزو لے کر آتا اس بنا پر آپ کا نام بصیر رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مبارک حصُولِ بصیرت و بصارت کے لیے ۱۰۲ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُ الْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہِ

Marfat.com

هو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

## اَلْقَادِرُ جل جلالہ

قدرت والا

جو شخص دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کا ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے دُشمنوں کو ذلیل و رسوا فرمائے گا۔

## خَطِیْبُ صلی اللہ علیہ وسلم

خطاب کرنے والا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن میں مقامِ محمود میں کھڑا ہونگا اور تمام نبیوں کا پیشوا ہوں گا اور میں اُن کا خطیب ہوں گا (انکی ترجمانی کروں گا)، (ترمذی شریف) اسلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک خطیبُ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ خطیب صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے فصاحت و بلاغت میں اضافہ ہوگا۔

## مُنِیْرُ رضی اللہ عنہ

روشنی دینے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ اپنے عقیدت مندوں کو ایسی روشنی دینے والے ہیں کہ آپ فرماتے ہیں میرے مُرید رات کی تاریکیوں میں نمازیں پڑھتے ہیں اور بدرِ مُنیر کی طرح چمکتے ہیں اسی بناپر آپ کا اسمِ مُبارک مُنیرُ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسمِ مُبارک حصولِ نیک و خوبصورت اولاد کیلئے ۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْمُقْتَدِرُ جل جلالہ

اقتدار والا

جو شخص اس اسم مُبارک کو صبح نیند سے بیدار ہوتے وقت کثرت سے پڑھیگا تو اللہ تعالیٰ جل جلالہ اس کے تمام کاموں کی تدبیر آسان فرمائے گا اور اس کے دل سے غفلت دُور ہو گی۔

# نَاہٍ صلی اللہ علیہ وسلم

منع کرنے والا

قرآن پاک سورہ اعراف میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُنہیں اچھی باتوں کا حکم کرتے ہیں اور انہیں بُری باتوں سے منع کرتے ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک ناہٍ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم ناہٍ صلی اللہ علیہ وسلم ۵۶ مرتبہ صبح و شام پڑھنے والا بُرائی و گناہ سے محفوظ رہیگا۔

# سِرَاجٌ رضی اللہ عنہ

آفتاب

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ اُمت مصطفٰے علیہ التحیۃ والثنا کے لیے آفتابِ ہدایت ہیں اس لیے آپ کا نام سِرَاجٌ رضی اللہ عنہ ہے۔

یہ اسم مُبارک حصُولِ حق کے لیے ۲۶۱ مرتبہ پڑھیں۔

یا شیخ سید عبد القادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّاھُوَ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

## اَلْمُقَدِّمُ جل جلالہ

آگے کرنے والا

جو شخص جنگ کے وقت اس اسمِ مُبارک کو کثرت سے پڑھے گا تو اللہ تعالےٰ اُسے بہت قوت عطا فرمائے گا اور دُشمنوں سے محفوظ رکھے گا۔

## حبیبؐ صلی اللہ علیہ وسلم

بزرگ۔ کافی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اُمت کے واسطے دارین میں ان چیزوں کیلئے کافی ہیں جن کے وُہ محتاج ہیں اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک حبیبؐ صلی اللہ علیہ وسلم اسم حبیبؐ صلی اللہ علیہ وسلم ۹۱ مرتبہ پڑھنے سے تمام مشکلات آسان ہو جاتی ہیں۔

## تاجُ رضی اللہ عنہ

بادشاہی ٹوپی

حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہے حضور خواجہ معین الدین اجمیری رحمۃ اللہ علیہ اور بہت سے اولیائے کرام نے عرض کیا گردن پر نہیں بلکہ ہمارے سروں پر بلکہ آپ ہمارے سر کا تاج ہیں، اسی بنا پر آپ کا نام تاجُ رضی اللہ عنہ ہے۔

اس اسمِ مُبارک کو حصولِ عہدہ و اقتدار کے لیے ۴۰۴ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هوالله الذي لا اله الا هو

# المؤخر جل جلاله

پیچھے کرنے والا

جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسمِ مُبارک کا ورد کرے گا تو اس کے دل میں اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی محبت کے علاوہ اور کوئی چیز داخل نہ ہوگی۔

# کریم صلی اللہ علیہ وسلم

سخی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت کا یہ عالم ہے کہ کسی سائل کو کبھی "نہ" نہیں کہا کبھی کسی کو خالی ہاتھ درِ اقدس سے نہیں لوٹایا اسی بنا پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسمِ مُبارک کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۲۷۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ہر طرف بہت برکت حاصل ہوگی۔

# مُقرّب رضی اللہ عنہ

قریب کیا ہُوا

حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے قرب کا وُہ مقام عطا فرمایا کہ کسی اور کو نہیں دیا اسی بنا پر آپ کا نام "مقرّب" رضی اللہ عنہ ہے۔

اس اسمِ مُبارک کو حصولِ قربِ الٰہی کے لیے ۱۴۲ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

الصلوٰة والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

الصلوٰة والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

یا شیخ سید عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

Marfat.com

هُوَ اللّٰہُ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُو

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

# اَلْاَوَّلُ جل جلالہٗ

سب سے پہلے

جس شخص کے نرینہ اولاد نہ ہوتی ہو اس اسمِ مبارک کو چالیس روز تک چالیس بار پڑھے ان شاء اللّٰہ العزیز اس کی مراد پوری ہوگی۔

# مُحَرِّمُ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

حرام کرنے والا

قرآن پاک سورہ اعراف میں ہے اور آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم ان کے لیے پاک چیزیں حلال کریں گے اور ناپاک وگندی چیزیں ان پر حرام کریں گے اس لیے آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کا اسمِ مبارک محرّم صلی اللّٰہ علیہ وسلم ہے۔

اسمِ محرّم صلی اللّٰہ علیہ وسلم ۲۸۸ مرتبہ روزانہ پڑھنے والا ہر جگہ عزت والا ہوگا۔

# مُحَدِّثُ رضی اللّٰہ عنہ

حدیث بیان کرنے والا

حضور غوثِ اعظم رضی اللّٰہ عنہ اپنے وقت کے بہت بڑے محدّث تھے آپ روزانہ درسِ حدیث فرماتے تھے اسی لیے آپ کا نام محدّث رضی اللّٰہ عنہ ہے۔
اس اسمِ مبارک کو حصولِ زیادتی علم کے لیے ۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

یَا شَیْخ سَیِّد عَبْدُالْقَادِر جِیْلَانِی شَیْئًا لِلّٰہ

Marfat.com

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّاهُوَ

# اَلْاٰخِرُ جل جلالہ

سب کے بعد

جو شخص اس اسم مُبارک کو روزانہ ایک ہزار بار پڑھے اُسکے دل سے غیر اللہ کی محبت دُور ہوگی۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ اُسے اچھی زندگی اور اچھی موت عطا فرمائے گا۔

# مُحَلِّلُ صلی اللہ علیہ وسلم

حلال کرنے والا

قرآن پاک سُورہ اعراف (۱۵۷) میں ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے لیے پاک چیزیں حلال کریں گے اور ناپاک و گندی چیزیں ان پر حرام کریں گے۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مُبارک مُحَلِّلُ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

اسم محلل صلی اللہ علیہ وسلم ۱۲۸ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے رزقِ حلال حاصل ہوگا۔

# خَلِیْلُ رضی اللہ عنہ

دوست

